Third Evacuation Flight from Wuhan, China

February 27, 2020

ووہان چین سے شہریوں کے انخلا کی تیسری پرواز

27 فروری، 2020

حکومت ہند نے چین کو ماسک، دستانے اور دیگر ہنگامی طبی آلات پر مشتمل 15 ٹن طبی امداد 26 فروری 2020 کو فراہم کی۔ یہ سامان ہندوستانی فضائیہ کی خصوصی پرواز C-17 کے ذریعہ پہنچایا گیا جو کہ 26 فروری کے شام کے آخری وقت میں چین کے شہر ووہان پر پہنچی تھی۔

یہ امداد چین میں کورونا وائرس (کوویڈ 19) کے پھیلنے کے بعد اور چین کی طرف سے ماسک اور دوسری طبی سامان کی فراہمی کی درخواست کے بعد فراہم کی گئی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 8 فروری 2020 کو صدر شی جنپنگ کو ہندوستانی عوام اور ہندوستانی حکومت کی جانب سے چینی عوام اور حکومت چین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے خط لکھا تھا، اور ضرورت کے اس گھڑی میں بطور تحفہ چین کو امداد کی پیش کش بھی کی تھی۔ یہ میڈیکل سپلائی چین کے اس انفیکشن کے پھیلنے پر قابو پانے کی کوششوں کو مضبوط بنانے میں مدد کرے گی جس کے بارے میں عالمی ادارہ صحت نے پبلک ہیلتھ ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے۔

آج جو بھی امداد بھیجی جارہی ہے وہ چینی عوام کے ساتھ ہندوستانی عوام کی دوستی اور یکجہتی کا ایک مظہر بھی ہے، جبکہ دونوں ممالک رواں سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 70 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔

ووہان سے واپسی پر ہندوستانی فضائیہ کی پرواز نے 76 ہندوستانی شہریوں کو بھی واپس لایا (بشمول 3 ہندوستانی سفارتخانے کے اہلکار جو انخلا کے سلسلے میں رابطہ کرنے کیلئے ووہان میں موجود تھے) اور 36 غیر ملکی شہری جس میں ہمارے کچھ پڑوسی ممالک کے شہری شامل ہیں جنھوں نے وزیر اعظم مودی کے "پڑوسی پہلے" پالیسی کو سامنے رکھتے ہوئے ہندوستان آنے میں مدد مانگی تھی۔ غیر ملکی شہریوں میں بنگلہ دیش کے 23، چین کے 6، میانمار اور مالدیپ کے 2 -2 شہری اور جنوبی افریقہ، امریکہ اور مڈغاسکر کے ایک ایک شہری شامل تھے۔

آج کی ایک پرواز سمیت کل تین پروازوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس سے قبل دو پروازیں 31 جنوری اور 1 فروری کو تھیں۔ ان 3 پروازوں میں کل 723 ہندوستانی شہری اور 43 غیر ملکی شہریوں کو ووہان، چین سے نکالا گیا ہے۔

نئی دہلی

27 فروری، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.